سورۃ التکویر (81)

(مکی — کل آیات 29)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ (1)

جب سورج کی روشنی لپیٹی جائے۔

وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ (2)

اور جب ستارے گر جائیں۔

وَاِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ (3)

اور جب پہاڑ چلائے جائیں۔

وَاِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ (4)

اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں۔

وَاِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ (5)

اور جب جنگلی جانور اکھٹے ہو جائیں۔

وَاِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ (6)

اور جب سمندر جوش دیے جائیں۔

وَاِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ (7)

اور جب جانیں جسموں سے ملائی جائیں۔

وَاِذَا الۡمَوۡءٗدَةُ سُئِلَتۡ (8)

اور جب زندہ در گور لڑکی سے پوچھا جائے۔

بِاَيِّ ذَنۢبٍ قُتِلَتْ (9)

کہ کس گناہ پر ماری گئی تھی۔

وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (10)

اور جب اعمال نامے کھل جائیں۔

وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ (11)

اور آسمان کا پوست اتارا جائے۔

وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ (12)

اور جب دوزخ دہکائی جائے۔

وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ (13)

اور جب جنت قریب لائی جائے۔

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ (14)

تو ہر شخص جان لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ (15)

پس میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے (ستاروں) کی۔

اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ (16)

سیدھے چلنے والے غائب ہو جانے والے ستاروں کی۔

وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ (17)

اور قسم ہے رات کی جب وہ جانے لگے۔

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ (18)

اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ (19)

بے شک یہ قرآن ایک معزز رسول کا لایا ہوا ہے۔

ذِىْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ (20)

جو بڑا طاقتور ہے عرش کے مالک کے نزدیک بڑے رتبہ والا ہے۔

مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ (21)

وہاں کا سردار امانت دار ہے۔

وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ (22)

اور تمہارا رفیق (رسول) کوئی دیوانہ نہیں ہے۔

وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ (23)

اور اس نے اس (فرشتہ) کو (آسمان کے) کھلے کنارے پر دیکھا بھی ہے۔

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ (24)

اور وہ غیب کی باتوں پر بخیل نہیں ہے۔

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ (25)

اور وہ کسی شیطان مردود کا قول نہیں ہے۔

فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ (26)

پس تم کہاں چلے جا رہے ہو۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ (27)

یہ تو جہان بھر کے لیے نصیحت ہی نصیحت ہے۔

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ (28)

اس کے لیے جو تم میں سے سیدھا چلنا چاہے۔

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ (29)

اور تم تو تب ہی چاہو گے کہ جب اللہ چاہے گا، جو تمام جہان کا رب ہے۔